मजबूर

مجبور

اداکاران

وشواجیت۔
وحیدا رحمان

قیمت چھ نئے پیسے

زین اینڈ کو باسیلرز دریبہ کلاں دہلی

مجبور فلم کے گانے

گانا نمبر ۱

تمہیں جو بھی دیکھ لے گا
کسی کا نہ ہو سکے گا
پری ہو بلا ہو کیا ہو تم
تمہیں جو بھی....

دنیا چلے ادھر ہی جدھر یہ نگاہ گھومے
شبنم کو دیکھ لو گر بن کر شراب جھومے
نشہ ہی نشہ ہو کیا ہو تم
تمہیں جو بھی —

کجرارے نین بھنورے پلک جو کھولتے ہیں
دلوں کی برسات کیا ہے
ایماں بھی ڈولتے ہیں
نینوں کے خدا ہو کیا ہو تم
تمہیں جو بھی...

کہاں یہ دمکتا چہرا کہاں ایسا نور ہوگا
جس نے بنایا تم کو اسے بھی غرور ہوگا
خدا کی ادا ہو کیا ہو تم
تمہیں جو بھی

گانا نمبر ۱۲:۔ دیوانہ کہہ کر لوگوں نے
مجھے اکثر بُلایا ہے
اگر پُوچھا کسی نے حال یہ کس نے بنایا ہے
تو میں تیرا نام لُوں گا
میں تیرا نام لُوں گا

گنوائی نیند آنکھوں نے
سکُوں دِل نے گنوایا ہے
اگر پُوچھا کسی نے حال یہ کس نے بنایا ہے
تو مَیں تیرا نام لُوں گا ـــ

کبھی مَیں نے مئیخانہ دیکھا نہیں ہے
اُٹھا کے بھی پیمانہ دیکھا نہیں ہے
مگر سب مجھے دیکھ کر کہہ رہے ہیں
کوئی ایسا متوالا دیکھا نہیں ہے
اگر پُوچھا کسی نے تُو نشے میں کیسے آیا
تو مَیں تیرا نام لُوں گا ...

چلا آیا ہے تُو خیالوں میں میرے
خوابوں میں میرے سوالوں میں میرے
منا کرنے پر بھی منا تُو ہُوا نہ
لگا ہی دیا پھول بالوں میں میرے
اگر پُوچھا کسی نے پھُول یہ کس نے لگایا ہے
تو میں تیرا نام لُوں گا

سُنا جب کہ میں ہو گیا ہوں دیوانہ
کئی باتیں پُوچھے گا مجھ سے زمانہ
چھپاؤں گا کیسے میں دردِ جگر کو
بتاؤں گا لوگوں سے میں کیا بہانا
اگر پُوچھا کسی نے تیر یہ کس نے چلایا ہے
تو میں تیرا نام لُوں گا ـــ

گانا نمبر ۱۳ ـ یہ بات ہوتی ہے پیدا جواب برسوں میں
خُدا بناتا ہے ایسا شباب برسوں میں
یہ بات ہوتی ہے ...
بہار آتی ہے اور رُوپ رنگ ملتے ہیں
چمن میں دیسے تو ہر روز پھُول کھِلتے ہیں
چمن میں کھِلتا ہے تم سا گلاب برسوں میں
یہ بات ہوتی ہے ...
نہیں یہ بات ہائے نہیں یہ بات
کہ تم سا حسین نہیں ہو گا
مگر ہے تم کا تمہارا جواب برسوں میں
خُدا بناتا ہے ...
تیرا خیال ہے ہر وقت یاد کے قابل
مگر یہ میری نظر بھی ہے داد کے قابل
کیا ہے جس نے تیرا انتخاب برسوں میں
خُدا بناتا ہے ـــ

گانا نمبر۴: بدلی ہے زمانے کی نظر دیکھئے کیا ہو
ہونا تو ہے کچھ آج مگر دیکھئے کیا ہو
بدلی ہے زمانے....

یہ رات تو دلکش تھی بڑے خوش تھے ستارے
تم پاس ہمارے تھے تو ہم پاس تمہارے
اب سامنے آئی ہے سحر دیکھئے کیا ہو
ہونا تو ہے کچھ ——

یہ کشتی چلی جاتی تھی موجوں کے سہارے
سوچا تھا پہنچ جائیں گے ایک روز کنارے
پر سامنے آیا ہے بھنور دیکھئے کیا ہو
ہونا تو ہے کچھ ——

مشکل میں سبھی دیتے ہیں
اس در پہ صدائیں
سنتے ہیں کہ سنتا ہے خدا سب کی دعائیں
پر اپنی دعاؤں کا اثر دیکھئے کیا ہو
ہونا تو ہے کچھ ——

گانا نمبر۵: تیرے بنا او سجنا تیرے بنا او سجنا
دینے کی جگہ میرا من جلا میرے انگنا
جلتی رہی میں اندھیاری رات میں
پھر بھی اجالے نہیں آئے ہاتھوں میں
اپنے نصیب پر ہے کیا زور اپنا

تیرے بنا اد سجنا ——
دُنیا ہماری سپنوں کی نگری تھی
ٹھوکر سے پھوٹی بھوٹی مانی کی نگری تھی
یہ دیس آ میت کا تھا میرے نام لگتا
تیرے بنا اد سجنا ——
دیئے نس کی جگہ ——

ختم شد

آسان اُردو انگلش ٹیچر

زمانہ حال میں انگریزی بھی ایک بہت ضروری زبان ہے اگر آپ یہ زبان جانتے ہیں تو آپ کہیں بھی چلے جائیں آپکی ہر جگہ قدر ہو گی۔ اس زبان کو جو نہیں جانتا اُسکو کافی پریشانی اُٹھانی پڑتی ہے۔ اگر آپ اس پریشانی سے نجات پانا چاہتے ہیں۔ اور انگریزی سیکھنے کا شوق رکھتے ہیں۔ تو آج ہی ہمارے ہاں سے نایاب کتاب اردو انگلش ٹیچر منگائیں۔ اس کتاب کی مدد سے ہر شخص بغیر اُستاد کی مدد کے انگریزی میں بات چیت کر سکتا ہے۔

قیمت صرف -/1/2 محصول ڈاک معاف

زین اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

پُراسرار غضب کے جاسوسی ناول

جانباز جاسوس	1/4/-	فومنچو کا سایہ	4/-/-
" " حصہ دوئم	1/4/-	فومنچو کی بیٹی	4/-/-
تین نقاب پوش	1/-/-	ڈاکٹر فومنچو	3/-/-
دہلی کے عیاش	1/-/-	ڈاکٹر فومنچو کا انتقام	3/-/-
خونی نشان	1/-/-	سمندری ڈاکو	1/-/-
ڈاکو شمشاد	1/-/-	باپ کا قاتل	1/-/-
خونی شہزادہ	1/-/-	خونی چھتری	1/-/-
بہادر ٹارزن	1/8/-	تین ڈاکو	1/-/-
جنتی فرشتہ	1/4/-	دو لاشیں	-/12/-
جادوگر جاسوس	1/4/-	خونی کھنڈر	-/12/-
جادوگر حسینہ	1/4/-	سراغرساں	-/12/-
موت کا مینار	1/4/-	گردش دوراں	3/8/-
خونی چراغ	1/8/-	چلتا پرزہ	1/8/-

سنہرے شہر میں ٹارزن 1/8/-

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو پبلشرز دریبہ کلاں دہلی